11.03.2026
2115 Hrs
HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں...........شبانہ بیگم
Music

....

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے **Keralam** اور تمل ناڈو میں **16** ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا۔ اُنہوں نے توانائی کے شعبے میں دیگر ممالک پر انحصار کو کم کرنے کیلئے حکومت کی جانب سے کئے گئے اقدامات کو اُجاگر کیا۔

☆ لوک سبھا میں اسپیکر اوم برلا کو ہٹائے جانے سے متعلق اپوزیشن کی قرارداد کو صوتی ووٹ سے نامنظور کردیا۔

☆ حکومت نے کہا ہے کہ ملک کی خام تیل کی سپلائی محفوظ ہے اور اُس کی تقریباً **70** فیصد خام تیل کی درآمدات آبنائے ہُرمز کے باہر سے آرہی ہے۔

☆ مغربی ایشیا جنگ میں مزید تیزی آگئی ہے۔ امریکی افواج نے ایران کے **16** جہازوں کو تباہ کردیا ہے اور ایران کے بیلسٹک میزائل اور ڈرون تیار کرنے والے مراکز کو بھی نشانہ بنایا گیا ہے۔

☆ نئی دِلی میں ورلڈ پیرا ایتھلیٹکس گراں پری **2026** کا آغاز ہوگیا ہے۔

☆ اور ...... حیدرآباد میں **FIH** خواتین ہاکی عالمی کپ کوالیفائر کے **Pool-B** کے تحت بھارت اور ویلس کے درمیان میچ جاری ہے۔

....

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

PM Thiruchrapalli Visit

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج **Keralam** اور تمل ناڈو میں **16** ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔ وزیر اعظم نے تمل ناڈو کے تروچیراپلّی میں **Panjappur** میں **5** ہزار **650** کروڑ روپے مالیت کے مختلف پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور اُنہیں وقف کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ مرکزی حکومت کی

جانب سے شروع کیے گئے بنیادی ڈھانچے کے فروغ کے پروگرام، کنیکٹیوٹی کو بہتر بنائیں گے اور مقامی آبادی کیلئے روزگار کے مواقع بڑھیں گے نیز مقامی معیشت بہتر ہوگی۔

S/B: PM - TN Projects

وزیر اعظم نے دو امرت بھارت ایکسپریس ریل گاڑیوں، دو عام ایکسپریس ریل گاڑیوں اور ایک مسافر ریل گاڑی سمیت پانچ نئی ٹرین خدمات کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ انہوں نے **Nilgiris** اور **Erode** اضلاع میں **3** ہزار **680** کروڑ روپے سے زیادہ کی تخمینہ سرمایہ کاری کے ساتھ بھارت پیٹرولیم کارپوریشن لمیٹڈ کے شہر میں گیس تقسیم کرنے کے نیٹ ورک کا سنگ بنیاد رکھا۔ جناب مودی نے انڈین آئیل کارپوریشن **Lube Blending Plant** کو بھی وقف کیا۔ پروگرام کے دوران خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت، ریاست کی ترقی کیلئے دن اور رات کام کر رہی ہے۔ تمل ناڈو کے **Nilgiris** اور **Erode** اضلاع میں **Piped** قدرتی گیس کنکشن پروجیکٹ، ماحول کیلئے سازگار صورتحال پیدا کرے گا، جو **8** برس میں چار کروڑ پیڑ لگانے کے برابر ہے۔

S/B: PM- Bharat Petroleum

بعد میں جناب مودی نے **NDA** کی جانب سے منعقدہ ایک عوامی ریلی سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ تمل ناڈو کے لوگ، ریاست کی حکومت میں تبدیلی چاہتے ہیں اور ایک ہی کنبے کے اقتدار کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔

اس سے قبل دن میں وزیر اعظم مودی نے **Keralam** میں ارناکولم میں تقریباً گیارہ ہزار کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا۔ انہوں نے آج صبح کوچی میں اکھل کیرالہ **Dheevara Sabha** کی گولڈن جبلی تقریبات سے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر جناب مودی نے ملک میں ماہی گیری سے وابستہ برادری کی فلاح و بہبود کے **NDA** حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔

انہوں نے کوچی میں **NDA** کے پروگرام میں بھی شرکت کی، جس کا موضوع: مودی کے ساتھ وکست کیرلم تھا۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ توانائی کے موجودہ عالمی بحران میں آتم نربھر بننے کی اہمیت کو ایک بار پر ثابت کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ توانائی کے شعبے میں دیگر ممالک پر انحصار کو کم کرنے کیلئے حالیہ برسوں میں حکومت نے کئی اقدامات کیے ہیں۔

S/B: PM - Energy- Self-Reliant

LS Resostution om Birla

لوک سبھا نے صوتی ووٹ کے ذریعے اسپیکر اوم برلا کو ہٹائے جانے کے قرار داد کو مسترد کردیا۔ ایوان میں اِس معاملے پر بحث کے دوران جواب دیتے ہوئے **BJP** کے لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ یہ افسوسناک ہے کہ اپوزیشن نے لوک سبھا کے اسپیکر کی معتبریت پر سوال اٹھایا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ایسا تقریباً چار دہائیوں کے بعد ہو رہا ہے کہ لوک سبھا کے اسپیکر کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک لانے کی بات کی گئی ہے اور یہ سیاست اور ایوان، دونوں کیلئے افسوسناک واقعہ ہے۔

S/B: Amit Shah- LS

شور وغل کے درمیان وزیر داخلہ نے کہا کہ **NDA** حکومت نے کبھی بھی اپوزیشن کی آواز کو دبانے کی کوشش نہیں کی ہے۔

انہوں نے الزام لگایا کہ **1975** میں ایمرجنسی کے دوران جب پوری اپوزیشن کو جیل میں ڈال دیا گیا تھا، اُس وقت اپوزیشن کی آواز کو دبایا گیا تھا۔

اس سے پہلے بحث میں حصہ لیتے ہوئے **BJP** کے لیڈر روی شنکر پرساد نے کہا کہ اپوزیشن، اِس قرار داد کو اپوزیشن پارٹیوں

کے کچھ لیڈروں کی اَنا کی تسکین کیلئے لائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر اور کانگریس کے پارلیمانی رکن راہل گاندھی کو بیرون ممالک میں اظہار خیال کرتے ہوئے اپنے الفاظ پر دھیان دینا چاہیے۔
ایوان میں جناب پرساد کو جواب دیتے ہوئے جناب راہل گاندھی نے الزام لگایا کہ اُنہیں متعدد مرتبہ ایوان میں بولنے سے روکا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایوان کا تعلق کسی ایک پارٹی سے نہیں ہے بلکہ وہ پورے ملک کا ایوان ہے۔
سماجوادی پارٹی کے آنند بھدوریہ نے کہا کہ اپوزیشن پارٹیاں، لوک سبھا کی چیئر کے وقار کے تحفظ کیلئے اِس قرار داد کو لائی ہیں۔
لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کو ہٹائے جانے سے متعلق قرار داد کو مسترد کیے جانے کے بعد ایوان کو دن بھر کیلئے ملتوی کر دیا گیا اور کل دن میں گیارہ بجے، ایوان کی کارروائی دوبارہ شروع ہوگی۔ x

West Asia Brief

پٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت میں جوائنٹ سکریٹری سجاتا شرما نے کہاکہ بھارت کی خام تیل کی سپلائی محفوظ ہے اور بھارت کے خام تیل کی درآمدات کا تقریباً 70 فیصد اب آبنائے ہُرمز کے باہر سے کیا جارہا ہے۔ مغربی ایشیا میں حالیہ واقعات پر آج نئی دِلی میں بین وزارتی بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے اُنہوں نے کہاکہ ملک آج 40 ممالک اور آئل مارکیٹنگ کمپنیوں سے خام تیل کی درآمدات کررہا ہے، جس سے مختلف وسائل کے ذریعے خام تیل کے جہازوں سے فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ جوائنٹ سکریٹری نے کہاکہ ملک کی گیس کمپنیاں نئے وسائل سے LNG Cargoes کی خریداری کررہی ہیں۔

2115 Sujata Sharam Petroleum

بندرگاہوں، جہازرانی اور آبی گزرگاہوں کی وزارت میں خصوصی سکریٹری راجیش کمار سنہا نے کہا کہ اِس وقت 28 بھارتی پرچم بردار جہاز، جن میں 778 بھارتی بحری جہاز خلیج فارس میں کام کررہے ہیں۔ اُنہوں نے کہاکہ حکومت اِن جہازوں اور اُن کے عملے کے تحفظ اور سلامتی کیلئے فعال طور پر نگرانی کررہی ہے۔ امورِ خارجہ کی وزارت کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہاکہ حکومت GCC اور مغربی ایشیائی ممالک میں رہنے والے بھارتی شہریوں کے فلاح و بہبود کیلئے ہمیشہ پُرعزم ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ سبھی بھارتی مشن، بھارتی کمیونٹی کے ممبران کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں۔ جناب جیسوال نے یہ بھی بتایا کہ ایک مرچنٹ جہاز، جس پر حملہ کیا گیا تھا، پر سوار دو بھارتی شہریوں کی موت ہوگئی ہے اور ایک شخص لاپتہ ہے۔×

West Asia Conflict

مغربی ایشیا میں جاری جنگ کا آج بارہواں دن ہے۔ حالیہ گھنٹوں میں خاص طور پر آبنائے ہُرمُز میں بحری سلامتی کے حوالے سے اب تک کے کچھ سنگین ترین نوعیت کے واقعات دیکھے گئے۔ امریکہ کے محکمۂ دفاع پنٹاگن کا کہنا ہے کہ امریکی افواج نے ایران کے کئی جہازوں کو تباہ کر دیا، جن کے بارے میں شبہ تھا کہ وہ بحری سرنگیں بچھانے کا کام کر رہے تھے۔ ایسی اطلاعات ملنے کے بعد کہ تہران کچھ ایسے دھماکہ خیز آلات نصب کر رہا ہے، جو دنیا کے اہم ترین تیل برداری سے متعلق سمندری راستوں میں سے ایک کو بند کرسکتے ہیں، یہ کارروائی کی گئی۔ فوجی کارروائیاں بھی شدت اختیار کر گئی ہیں۔ امریکی وزیر دفاع Pete Hegseth نے کہا ہے کہ حالیہ فوجی کارروائیاں، اِس خطے میں جنگ کے آغاز کے بعد سے سب سے زیادہ شدت اختیار کرسکتی ہے۔
اطلاعات کے مطابق حملوں میں ایرانی بیلسٹک میزائل کے بنیادی ڈھانچے اور ڈرون بنانے کی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا ہے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

VC Vinod Kumar

سپاہِ پاسدارانِ انقلابِ اسلامی کی جانب سے آج نئی وارننگ جاری کرنے کے بعد خطے میں کشیدگی میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔ IRGC نے ایک بیان میں یہ بات کہی ہے کہ امریکہ-اسرائیل اور اُن کے کسی ساتھی ملک کے آبنائے ہُرمز سے گزرنے والے کسی بھی جہاز کو نشانہ بنایا جائے گا۔ ایرانی فوجی کمانڈروں نے یہ بات بھی دوہرائی ہے کہ جب تک ایرانی شہروں پر بمباری جاری رہتی ہے، اُس وقت تک خطے سے ایک لیٹر تیل بھی جانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

سعودی عرب اور یو اے ای نے آج صبح ریاض کے شہزادہ سلطان فضائی اڈّے پر 6 بیلسٹک میزائل کے حملے سمیت بڑی تعداد میں میزائلوں کو فضا میں ہی ناکارہ کر دیا۔

قطر اور کویت نے بھی رہائشی اور توانائی سے متعلق بنیادی ڈھانچے پر براہ راست حملوں کو ناکام بنانے کی خبر دی ہے۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں ارجمند علی خان

BPCL LPG Supply

بھارت پٹرولیم کارپوریشن لمیٹڈ BPCL نے شہریوں کو یقین دہانی کرائی ہے کہ حکومت بلارکاوٹ LPG درآمدات کو یقینی بنانے کی خاطر ہر ممکن اقدامات کررہی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر BPCL نے کہا کہ موجودہ جغرافیائی و سیاسی صورتحال اور رکاوٹ کے سبب LPG درآمدات کے متاثر ہونے کی وجہ سے دستیاب سپلائی کو احتیاط سے استعمال کیا جارہا ہے، تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگوں تک اُسے دستیاب بنایا جاسکے۔ اُس نے کہا ہے کہ LPG سیلنڈرس دیتے وقت گھریلو کنبوں کو اوّلین ترجیح دی جارہی ہے۔x

Sergio Gor India Oil

بھارت میں امریکی سفیر Sergio Gor نے دنیا بھر میں تیل کی قیمتوں میں استحکام برقرار رکھنے کیلئے بھارت کے رول کی ستائش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب Gor نے کہا کہ امریکہ، روس سے تیل خریدنے کو بھارت کی کوشش کے حصے کے طور پر تسلیم کرتا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ بھارت، تیل کا سب سے بڑا صارف اور Refiner ہے۔ جناب Gor نے کہا کہ مارکیٹ میں استحکام برقرار رکھنے اور دونوں ملکوں کے شہریوں کے مفاد کیلئے بھارت اور امریکہ کو ایک ساتھ ملکر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ x

ED Chandigarh Searches

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ، IDFC فرسٹ بینک کی چنڈی گڑھ شاخ میں دھوکا دہی کے ایک بڑے معاملے کے تعلق سے چنڈی گڑھ، گڑگاؤں اور موہالی میں 19 مقامات پر تلاش کی کارروائیاں کر رہی ہے۔ ایجنسی کے مطابق یہ تلاش کارروائیاں اس لئے کی گئی ہیں تاکہ تقریباً 590 کروڑ روپے مبینہ خرد برد کے پیسے کے وسیلے کا پتہ لگایا جاسکے جو ہریانہ حکومت کے بینک کھاتوں سے لیا گیا تھا اور اس بینک کے کھاتوں میں رکھا گیا تھا۔

اطلاعات کے مطابق ہریانہ حکومت کی مختلف سرکاری ایجنسیوں نے یہ رقوم فکسڈ ڈپازٹ کیلئے بینک میں جمع کرائی تھیں۔ تاہم

فکسڈ ڈپازٹ میں رکھنے کے بجائے اس رقم کو مبینہ طور پر ذاتی استعمال میں لیا گیا۔
تحقیقاتی ایجنسی یہ بھی بتایا کہ تلاش کی کارروائی، ان مکانات پر کی گئی جو ملزمان سے متعلق کاروباری اداروں کے گھوٹالے سے مالی فائدہ اٹھانے والوں اور ریئل اسٹیٹ ایجنسیوں سے متعلق تھے، جہاں ممکنہ طور پر اس رقم سے سرمایہ کاری کی گئی تھی۔ x

Chhattisgarh Maoists

چھتیس گڑھ میں آج 44 خواتین کاڈر سمیت 108 ماؤنوازوں نے خود سپردگی کی۔ ماؤنوازوں نے بستر ڈویژن کے ڈویژنل ہیڈکوارٹر، جگدل پور میں پولیس کے اعلیٰ افسران کے سامنے خود سپردگی کی۔ ماؤنوازوں کی اس کاڈر پر مجموعی طور پر تین کروڑ 29 لاکھ کا انعام تھا۔ یہ ماؤنواز بستر ڈویژن کے مختلف ضلعوں میں سرگرم تھے۔ خود سپردگی کرنے والے ماؤنوازوں سے حاصل معلومات کی بنیاد پر پولیس نے مختلف مقامات پر انتہا پسندوں کے ذریعے چھپائے گئے کئی ہتھیار بھی برآمد کئے ہیں۔ سات Ak-47 رائفلز، 4 ہلکی مشین گنیں، 11 بیرل گرینیڈ لانچرس سمیت کُل 101 ہتھیار برآمد کئے گئے۔ x

Para Athletics Grand Prix

عالمی پیرا ایتھلیٹکس گراں پری 2026 آج سے نئی دِلی میں شروع ہوگیا اور یہ اِس ماہ کی تیرہ تاریخ تک جاری رہے گا۔ بھارت کے Top پیرا ایتھلیٹکس، جن میں 2024 میں پیرس میں سونے کا تمغہ جیتنے والے Sumit Antil، پروین کمار اور Mariyappan Thangavelu کے اِس مقابلے میں حصہ لینے کی امید ہے۔ تین روزہ اِس مقابلے میں مختلف زمروں میں کھلاڑیوں کیلئے 74 عالمی درجہ بندی Slots فراہم کئے جائیں گے۔ بھارت، روس، نیپال، بھوٹان، ہانگ کانگ، سربیا، بوسنیا اور مصر سمیت 9 ممالک کے ایتھلیٹس اِس مقابلے میں حصہ لیں گے۔ بھارت کی جانب سے تقریباً 219 ایتھلیٹس پر مشتمل سب سے بڑا عملہ اِس مقابلے کے مختلف کھیلوں میں حصہ لے رہا ہے۔x

FIH Hockey

حیدرآباد میں FIH خواتین ہاکی عالمی کپ کوالیفائر کے Pool-B کے تحت بھارت نے ویلس کو ایک کے مقابلے چار گول سے ہرا دیا ہے۔x

Jaishankar Russian FM

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے مغربی ایشیا جنگ اور اُس سے متعلق سفارتی کوششوں کے سلسلے میں روس کے اپنے ہم منصب Sergey Lavrov کو آج بھارت کے نظریات سے واقف کرایا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اُن کی جناب Lavrov سے ٹیلی فون پر مفید بات چیت ہوئی۔ دونوں وزراء نے بھارت-روس دوطرفہ اشتراک کے ایجنڈے کا جائزہ بھی لیا۔
اِس سے قبل ڈاکٹر جے شنکر نے یوروپی کمیشن کی نائب صدر Kaja Kallas سے مغربی ایشیا جنگ اور اُس کے مضمرات پر تبادلۂ خیال کیا۔ اُنہوں نے فرانس کے وزیرخارجہ Jean Noel Barrot سے بھی بات کی اور مغربی ایشیا جنگ پر نظریات کے تبادلے کی ستائش کی۔x

Prez GCWAS 2026

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو گل نئی دِلی میں زرعی اشیاء سے متعلق نظام میں خواتین پر عالمی کانفرنس کا افتتاح کریں گی۔ یہ تین روزہ قومی کانفرنس قومی راجدھانی میں زرعی تحقیق سے متعلق بھارتی کونسل کے کنونشن سینٹر میں منعقد ہوگی، جس کا موضوع ہے:''ترقی کو رفتار دینا، نئی بلندیاں حاصل کرنا''۔

زراعت اور کسانوں کے بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان بھی اِس موقع پر موجود رہیں گے۔×

NITI Aayog Fiscal Health Index

نیتی آیوگ نے آج نئی دِلی میںFiscal Health Index 2026 کا دوسرا سالانہ ایڈیشن جاری کیا۔ اِس رپورٹ میں سبھی ریاستوں میں اقتصادی صورتحال کو مضبوط بنانے کیلئے متعدد پالیسی ترجیحات کو اُجاگر کیا گیا ہے۔ اِس میں محصولات کو متحرک کرنا اور ریاست کے اپنے ٹیکس کی صلاحیت کو مضبوط کرنا، مالیاتی لچک کو بحال کرنے کیلئے پُرعزم اخراجات کو معقول بنانا، سرمایے کے اخراجات کی ساخت اور معیار کو بہتر بنانا شامل ہے۔ اِس تقریب کے دوران نیتی آیوگ کے نائب چیئرمین سُمن بیری نے کہا کہ ریاستی سطح پر مالیاتی نظم ونسق کو مضبوط بنانا میکرو اکنامک استحکام کو برقرار رکھنے اور ہندوستان کی ترقی کی رفتار کو بنائے رکھنے کیلئے اہم ہوگا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆